**پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام**
**(PRESCHOOL SPEECH AND LANGUAGE PROGRAM)**



# آپ کے بچے کی پیدائش سے 30 مہینے تک گویائی اور زبان کی مہارتیں

Ontario

جب بچے پیدا ہوتے ہیں، اسی وقت سے بات چیت کرنے لگتے ہیں۔ اپنی زندگی میں جلد ہی، وہ سمجھنے لگتے ہیں کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں اور اپنی آوازیں نکالنے لگتے ہیں۔ ان میں گویائی اور زبان کی مہارتیں پیدا ہونے لگتی ہیں جس سے انہیں دوست بنانے اور پڑھنا سیکھنے ، اور بعد میں ،اسکول اور زندگی میں کامیابی حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ آپ کے بچے کو مستقبل میں کامیابی کے لئے بات چیت کی مہارتیں ضروری ہیں

تقریباً 10 میں سے ایک بچے کو معمول کی گویائی اور زبان سیکھنے کے لئے مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس مدد کے بغیر ان کے لئے سننا اور بات کرنا بہت مشکل ہوگا، ان کے لئے پڑھنا مشکل ہوگا، اور دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنے میں بھی مشکل در پیش ہوگی۔



## اونٹاریو کا پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام

اونٹاریو کا پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام بچوں کو پیدائش سے لے کر اسکول شروع کرنے تک خدمات مہیا کرتا ہے۔ صوبے بھر میں مختلف کمیونٹیز میں بچوں اور ان کے خاندانوں کو گھر کے قریب ترین جائزے اور علاج کی سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں۔

اگر آپ کو اپنے بچے کی گویائی اور زبان کی مہارت کے بارے میں تشویش ہے تو آپ پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام سے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ پروگرام کا اسٹاف آپکو سکھا سکتا ہے کہ اپنے بچے کی بات چیت کرنے کی صلاحیت کو پروان چڑھانے ، ان کو صحت مند نشو و نما کے بہترین مواقع دینے میں کیسے مدد کی جائے۔

اونٹاریو کا پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام

مدد کے لئے کبھی دیر نہیں ہوتی ۔

مزید معلومات کے لئے اپنے مقامی پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام سے رابطہ کریں، یا اونٹاریو گورنمنٹ کی اطلاعات لائن پر نیچے دیئے گئے نمبر پر کال کریں ۔

**مزید معلومات کے لئے ، رابطہ:**

ServiceOntario
1-866-821-7770
TTY 1-800-387-5559
www.ontario.ca/children

**مزید نقول کا آرڈر دینے کے لئے جائیے:**

www.serviceontario.ca/publications

**یا کال کریں:**

1-800-668-9938
TTY 1-800-268-7095

URDU
Oct. 2009 © Queen's Printer for Ontario, 2009



# نشوونما کے مراحل

نشو ونما کے یہ مراحل چھوٹے بچوں کی کچھ مہارتوں کی ترقی کے بارے میں بتاتے ہیں جب وہ بولنا سیکھ رہے ہوتے ہیں۔ کچھ ایسی ٹپس ہیں کہ آپ اپنے بچے کی گویائی اور زبان کی مہارت بڑھانے میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ ان میں سے ایک یا زیادہ مراحل پر پورا نہیں اترتا، برائے مہربانی اپنے مقامی پری اسکول سپیچ اور لینگویج پروگرام سے رابطہ کریں۔

## چہ ماہ تک

- آواز کی طرف مڑتا ہے
- اچانک، اونچی آواز کی وجہ سے چونک جاتا ہے
- مختلف ضروریات کے لئے مختلف طرح سے روتا ہے – میں بھوکا ہوں، میں تھکا ہوا ہوں
- جب آپ بات کریں تو آپ کا چہرہ دیکھتا ہے
- آپ کی مسکراہٹ اور ہنسی کے جواب میں مسکراتا اور اورہنستا ہے
- کھانسی یا دوسری آوازوں کی نقل کرتا ہے - *آہ، ای، بوہ*

## نو ماہ تک

- اپنے نام پر جواب دیتا ہے
- ٹیلیفون بجے یا دروازے پر دستک ہو تو جواب دیتا ہے۔
- "نہ" کہا جائے تو سمجھتا ہے
- آوازوں اور اشاروں سے جو چاہے لے لیتا ہے مثلاً، اٹھائے جانے کے لئے آگے ہوناہے
- آپ کے ساتھ سوشل کھیل کھیتا ہے، مثال کے طور پر، پیک -آ- بو
- لوگوں کے درمیان رہنے سے لطف اندوز ہوتا ہے
- بچوں کی آواز نکالتا اور آوازیں دہراتا ہے – *با بابابا، ڈوہ ڈوہ ڈوہ*

## بارہ ماہ تک

- ایک حرفی ہدایت پر عمل کرتا ہے – "بیٹھ جاؤ"
- کسی چیز کی طرف آپ اشارہ کریں تو کمرے میں دوسری طرف دیکھتا ہے
- تین یا زیادہ الفاظ استعمال کرتا ہے
- رابطہ کرنے کے لئے اشارے کرتا ہے – "بائی بائی" کرنے کے لئے ہاتھ ہلاتا ہے "نہیں" کہنے کے لئے سر ہلاتا ہے
- آپ کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے آپ کی توجہ حاصل کرتے ہوئے آوازیں، اشارے اور علامتیں استعمال کرتا ہے
- آپ کو دکھانے کے لئے کھلونے لاتا ہے
- توجہ اور تعریف کے لئے "اداکاری" کرتا ہے
- بہت سی آوازیں ملا لیتا ہے جیسے بات کر رہا ہو – *ابادا بادو ابی*
- سادہ تصویری کتابوں میں دلچسپی دکھاتا ہے

## بچے پسند کرتے ہیں جب آپ:

- ان کی سطح پر نیچے آتے ہیں اس طرح کہ وہ آپ کا چہرہ دیکھ سکیں۔ اس سے انہیں پتہ چلتا ہے کہ وہ جو کچھ بھی کر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں آپ اس میں دلچسپی لیتے ہیں۔ اس طرح آپ سے تعلق جوڑنا آسان ہو جاتا ہے۔
- جو آوازیں وہ نکالتے ہیں انہیں دہرائیے۔ بچے شور مچانے سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور جب آپ ان کی بار بار نقل کریں تو اسے پسند کرتے ہیں۔
- گائیےاور ہنسیے، خاص طور پر جب آپ انہیں کھلا، نہلا، اور کپڑے بدل رہے ہوں۔ سارا دن آپ جو کچھ بھی کر رہے ہوں یا دیکھ رہے ہوں اس کے بارے میں اپنے بچے سے بات کرنا یاد رکھیے – "ممی اپنا کوٹ پہن رہی ہے"، "وہ ایک بڑا ٹرک ہے"۔
- جن چیزوں کو وہ دیکھ رہے ہوں یا کھیل رہے ہوں ان کے نام بتائیے ۔ بچے نئی چیزوں کے بارے میں سیکھنے اور کھوجنے میں دلچسپی لیتے ہیں اور سننا پسند کرتے ہیں کہ چیزیں کیا کہلاتی ہیں۔

## اٹھارہ ماہ تک

- "اندر اور باہر"، "کبھی کبھار" کے تصور کو سمجھتا ہے
- جب پوچھا جائے تو بدن کے بہت سے حصوں کی طرف اشارہ کرتا ہے
- کم از کم بیس الفاظ استعمال کرتا ہے
- سادہ سوالوں کے جواب میں الفاظ یا اشارے کرتا ہے – "ٹیڈی کہاں ہے؟"، "وہ کیا ہے؟"
- کھلونوں کے ساتھ جھوٹ موٹ کھیل کر دکھاتا ہے – ٹیڈی کو پینے کے لئے دیتا ہے
- کم از کم چار مختلف موزوں آوازیں نکالتا ہے – *بی، این، ڈی، جی، ڈبلو، ایچ*
- پڑھ کر سنایا جائے اور آپ کے ساتھ سادہ کتابیں دیکھنے سے لطف اندوز ہوتا ہے
- ایک انگلی استعمال کر کے تصویروں کی طرف اشارہ کرتا ہے

## چوبیس ماہ تک

- دو قدمی ہدایات پر عمل کرتا ہے – "جاؤ اپنا ٹیڈی بیئر ڈھونڈو اور گرینڈ ما کو دکھاؤ"
- سو یا زیادہ الفاظ استعمال کرتا ہے
- کم از کم دو اسم ضمیر استعمال کرتا ہے – "تم"، "مجھے"، "میرا"
- دو یا زیادہ الفاظ ملا کر چھوٹے چھوٹے جملے مستقل بناتا ہے - "ڈیڈی ہیٹ" "ٹرک نیچے گیا"
- دوسروں بچوں کے ساتھ رہنے سے لطف لیتا ہے
- ساتھیوں کو کھلونے دینے لگتا ہے اور دوسروں بچوں کے الفاظ اور ایکشنز کی نقل کرتا ہے
- پچاس سے ساٹھ فی صد وقت تک لوگ اسکی بات سمجھ سکتے ہیں
- آسانی سے اور بغیر کوشش کے الفاظ اور جملے بناتا ہے
- صحیح طرح سے کتابوں کو پکڑتا اور صفحوں کو پلٹتا ہے
- سٹفڈ (بھرے ہوئے) جانوروں یا کھلونوں کو "پڑھ کر" سناتا ہے
- کری یون سے الٹی سیدھی لائنیں لگاتا ہے

## تیس ماہ تک

- سائز ( بڑا/چھوٹا) اور مقدار (تھوڑا سا، زیادہ، مزید) کے تصور کو سمجھتا ہے
- بالغوں کی کچھ گرامر استعمال کرتا ہے – "دو ککیز" "پرندہ اڑ *رہا ہے*"، "میں نے چھلانگ *لگائی*"
- تین سو پچاس سے زیادہ الفاظ استعمال کرتا ہے
- عملی الفاظ استعمال کرتا ہے – بھاگنا، بہنا، گرنا
- دوسرے بچوں کے ساتھ، اپنے کھلونے اور الفاظ دونوں استعمال کرتے ہوئےچھوٹی باریاں لیتا ہے
- جب کوئی اور بچہ اداس ہو یا چوٹ لگ جائے تو پریشان ہو جاتا ہے
- کھیل میں کئی ایکشنز اکٹھا کرتا ہے – گڑیا کو کھلا کر اسے سلاتا ہے، ٹرین میں بلاک رکھ کر اسے چلاتا ہے پھر بلاک گرا دیتا ہے
- کئی الفاظ کے شروع میں آوازیں لگاتا ہے
- دو یا زیادہ رکن یا ضرب سے الفاظ بناتا ہے – "با-نا-نا"، "کم- پیو- ٹر"، "اے - پل"
- مشہور لوگوز اور نشانات پہچانتا ہے – میکڈونلڈزکی گولڈن آرچز، سٹاپ سائن
- مشہور کہانیاں سمجھتا اور یاد رکھتا ہے

## ڈگمگاتے ہوئے چلنا سیکھنے والے بچے اسے پسند کرتے ہیں جب آپ:

- انہیں چھونے دیں اور کتاب پکڑنے دیں جب آپ تصویروں کی طرف اشارہ کریں اور نام بتائیں۔
- بچوں کی گفتگو کی بجائے اصل الفاظ استعمال کریں - ٹا ٹا کی بجائے "مجھے دو" با با کی بجائے "بوتل"۔
- ان کی بات سننے کے لئے وقت نکالیں – وہ چاہتے ہیں کہ آپ ان کی تمام نئی آوازیں، الفاظ اور خیالات سنیں۔
- انہیں سادہ ہدایات عمل کرنے کے لئے دیں – "جاؤ اپنے لال بوٹ ڈھونڈو"۔
- جب ان سے بات کریں تو بہت سے مختلف الفاظ استعمال کریں – متضاد الفاظ جیسے اوپر/نیچے، اندر/باہر عملی الفاظ جیسے "دوڑ رہے"، "چھینٹے اڑا رہے"، اور بیانیہ الفاظ جیسے "خوش"، "بڑا"، "چھوٹا"، "صاف"، "گندا"۔
- لائبریری، کھیل کے میدان، پارک میں – دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنے میں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔